کل نمبر:25 — **ٹیسٹ اسلامیات (سوم)** — **وقت:40 منٹ**

پانچواں مہینا، چوتھا ہفتہ، پانچواں دن	**سلیبس**: دہرائی ٹیسٹ چوتھا ہفتہ

سوال نمبر1: درست جواب کا انتخاب کریں۔ **(1.5×4=6)**

(i) سب سے پہلے انسان ہیں:

(ا)	حضرت عیسیٰ علیہ السلام	(ب)	حضرت موسیٰ علیہ السلام
(ج)	حضرت ابراہیم علیہ السلام	(د)	حضرت آدم علیہ السلام

(ii) انبیاء کرام علیہم السلام کا سلسلہ ختم ہوا:

(ا)	حضرت آدم علیہ السلام پر	(ب)	حضرت نوح علیہ السلام پر
(ج)	حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر	(د)	حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم پر

(iii) اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو کس چیز سے پیدا کیا؟

(ا)	ریت سے	(ب)	آگ سے	(ج)	مٹی سے	(د)	نور سے

(iv) حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کا دن ہے:

(ا)	پیر	(ب)	بدھ	(ج)	جمعرات	(د)	جمعہ

سوال نمبر2: مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔ **(1.5×4=6)**

(i) اللہ تعالیٰ نے ______________ کو حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کا حکم دیا۔

(ii) اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا علیہا السلام کو ______________ میں رہنے کا حکم دیا۔

(iii) حضرت آدم علیہ السلام کا لقب ______________ ہے۔

(iv) ابوالبشر کے معنی ______________ ہیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔ **(2×4=8)**

(i) اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کو دنیا میں کس مقصد کے لیے بھیجا؟

(ii) حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کیسے ہوئی؟

(iii) حضرت آدم علیہ السلام کو ابوالبشر کیوں کہا جاتا ہے؟

(iv) حضرت آدم علیہ السلام کی دُعا قرآن مجید کی کون سی سورت میں ہے؟

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھیں۔ **(5)**

حضرت آدم علیہ السلام کی عظمت اور خصوصیات بیان کریں۔